حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: " حضرت حق " سے مراد ہے۔

(الف) نبی کریم ﷺ (ب) اللہ پاک (ج) فرشتے (د) اولیاء

سوال نمبر 2: آیت ﴿اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ﴾ کا مفہوم ہے۔

(الف) اللہ کچھ چیزوں کا خالق ہے (ب) اللہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے (ج) صرف انسانوں کا خالق ہے (د) صرف زمین کا خالق ہے

سوال نمبر 3: " عدد " کا لغوی معنی ہے۔

(الف) کلام (ب) ہندسہ (ج) کتابت (د) عقل

سوال نمبر 4: عقیدہ توحید کے مطابق " واحد " کا مطلب ہے۔

(الف) گنتی والا ایک (ب) تنہا و یکتا (ج) محدود (د) مرکب

سوال نمبر 5: اگر دو خدا ہوتے تو نتیجہ کیا نکلتا؟

(الف) کائنات کا نظام قائم نہ رہتا (ب) دونوں عاجز ثابت ہوتے (ج) دونوں قادر ہوتے (د) دونوں بے نیاز رہتے

سوال نمبر 6: آیت ﴿قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ﴾ سے ثابت ہوتا ہے کہ:

(الف) اللہ ایک ہے (ب) کئی ہیں (ج) مثل موجود ہے (د) دو معبود ہیں

سوال نمبر 7: " قریب ہے نہ مسافت سے " کا مفہوم ہے۔

(الف) اللہ مکانی طور پر قریب ہے (ب) اللہ فاصلے کے لحاظ سے قریب ہے

(ج) اللہ اپنی قدرت و علم کے لحاظ سے قریب ہے (د) اللہ آسمان سے قریب ہے

سوال نمبر 8: " فعال ہے نہ جوارح سے " کا مطلب ہے۔

(الف) اللہ جسم رکھتا ہے (ب) اللہ جسمانی اعضاء سے کام لیتا ہے

(ج) اللہ بغیر اعضاء کے سب کچھ کر سکتا ہے (د) اللہ کے ہاتھ پاؤں ہیں

سوال نمبر 9: ﴿لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ﴾ آیت سے ظاہر ہوتا ہے کہ:

(الف) ملکیت سب کی ہے (ب) حمد سب کیلئے ہے (ج) ملکیت اور تعریف دونوں اللہ کیلئے ہیں (د) انسان مالک ہے

سوال نمبر 10: " ملک بے وزیر " کا مطلب ہے۔

(الف) بادشاہ کو وزیر کی ضرورت ہے (ب) بادشاہ کے پاس وزیر زیادہ ہیں

(ج) اللہ بادشاہ ہے جسے کسی وزیر کی حاجت نہیں (د) وزیر بادشاہ پر غالب ہے

سوال نمبر 11: اللہ پاک کے " والی بے مشیر " ہونے کا مطلب ہے۔

(الف) وہ مشورے کے بغیر حکم نہیں دیتا (ب) وہ مخلوق سے مشورہ لیتا ہے

(ج) وہ بغیر کسی کے مشورے کے حکم دیتا ہے (د) وہ انسانوں کو شریک بناتا ہے

سوال نمبر 12: اللہ پاک کی صفات ذاتیہ میں شامل نہیں۔

(الف) حیات (ب) علم (ج) مکان (د) کلام

سوال نمبر 13: صفات ذاتیہ کی ضد کے ساتھ موصوف ہونا۔

(الف) ممکن ہے (ب) محال ہے (ج) جائز ہے (د) مباح ہے

سوال نمبر14: صفاتِ اضافیہ سے مراد ہے۔

(الف) جو ذات کے ساتھ مخصوص ہوں (ب) جن کا اثر غیر پر ظاہر ہو

(ج) جو ختم ہو جائیں (د) جو ذات سے جدا ہوں

سوال نمبر15: آیتِ قرآنی ﴿وَفِي أَنفُسِكُمْ أَفَلَا تُبْصِرُونَ﴾ میں کس چیز کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

(الف) انسان کے جسمانی نظام کی حکمت (ب) زمین کی وسعت

(ج) سمندر کی گہرائی (د) پہاڑوں کی مضبوطی

سوال نمبر16: کتاب ((النور المبین)) کے مطابق اللہ تعالیٰ کے وجود پر دلائل کی تعداد کے بارے میں کیا فرمایا گیا ہے؟

(الف) چند مخصوص دلائل ہیں (ب) ایک ہی دلیل کافی ہے (ج) دلائل کی تعداد بے شمار ہے (د) صرف عقلی دلائل ہیں

سوال نمبر17: اللہ تعالیٰ کے وجود پر پہلا استدلال کس چیز سے کیا گیا ہے؟

(الف) فرشتوں کی صفات سے (ب) کائنات کی نشانیوں سے (ج) خوابوں سے (د) صرف عقل سے

سوال نمبر18: مصنف کے مطابق انسان کے جسم کی ساخت میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کی کون سی دلیل پائی جاتی ہے؟

(الف) رنگ و نسل کا اختلاف (ب) عجیب صنائع و تدبیر (ج) کثرتِ آبادی (د) اخلاقی برتری

سوال نمبر19: انسان کے اندر کون سی قوت اسے دیگر مخلوقات سے ممتاز کرتی ہے؟

(الف) قوتِ سماعت (ب) قوتِ بصارت (ج) قوتِ عقل (د) قوتِ تخیل

سوال نمبر20: قرآن کریم کے مطابق آسمان و زمین کی تخلیق انسان کی تخلیق سے _____ ہے۔

(الف) کم تر (ب) برابر (ج) بڑی (د) ناقص

سوال نمبر21: اللہ تعالیٰ کے وجود پر دلیل کے طور پر حضرت ابراہیم خلیل علیہ السلام نے کن چیزوں کو دیکھا؟

(الف) پہاڑ، دریا، زمین (ب) ستارہ، چاند، سورج (ج) فرشتے، وحی، خواب (د) انسان، ضمیر، عقل

سوال نمبر22: مخلوقات کے حادث ہونے (مخلوق ہونے) کی دلیل کون سی ہے؟

(الف) ان کا تغیر پذیر ہونا (ب) ان کی وسعت (ج) ان کی کثرت (د) ان کا حسن

سوال نمبر23: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ستارے کے غروب ہونے پر کیا فرمایا؟

(الف) یہی میرا رب ہے (ب) میں اسے پسند نہیں کرتا (ج) یہ ہمیشہ قائم رہے گا (د) یہ روشنی دیتا ہے

سوال نمبر24: کتاب اور مکان کی مثال سے کیا ثابت کیا گیا؟

(الف) انسانی عقل کی کمزوری (ب) فطرت کا ارتقا (ج) انسان کا شعور (د) ہر مصنوع کے لیے صانع ضروری ہے

سوال نمبر25: آیت ﴿أَمْ خُلِقُوا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُونَ﴾ میں کس دلیل کی طرف اشارہ ہے؟

(الف) تخلیق کا انکار (ب) صانع کی ضرورت (ج) علم کی وسعت (د) زمانے کی تبدیلی

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: نکاح کن دو چیزوں سے منعقد ہوتا ہے؟

سوال نمبر 2: اگر عورت اپنے مہر مثل سے کم پر نکاح کرے تو اولیاء کو کیا حق حاصل ہے؟

سوال نمبر 3: مہر کی کم از کم مقدار کتنی مقرر کی گئی ہے؟

سوال نمبر 4: اگر نکاح میں مہر کا ذکر نہ کیا گیا ہو تو دخول یا وفات کی صورت میں عورت کا حق کیا ہے؟

سوال نمبر 5: اگر آزاد شخص اپنی چار بیویوں میں سے ایک کو طلاقِ بائن دے تو کب نئی چوتھی بیوی سے نکاح کر سکتا ہے؟

سوال نمبر 6: عنین شوہر کے لیے قاضی کتنا وقت مہلت دیتا ہے اور اگر وہ کامیاب نہ ہو تو کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 7: اگر شوہر ایک ہی لفظ میں تین طلاقیں دے تو کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 8: سنت طلاق میں وقت اور عدد دونوں اعتبار سے سنت کی رعایت کیسے کی جاتی ہے؟

سوال نمبر 9: کنایہ الفاظ سے طلاق کب واقع ہوتی ہے؟

سوال نمبر 10: کتنے الفاظ ایسے ہیں جن سے صرف طلاقِ رجعی واقع ہوتی ہے؟

سوال نمبر 11: عام کی بنیادی تعریف کیا ہے؟

سوال نمبر 12: عام مخصوص اور عام غیر مخصوص میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 13: عام مخصوص کے حکم کے متعلق اصول فقہ کا کیا قاعدہ ہے؟

سوال نمبر 14: متقابلات سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 15: ظہور و خفا کی اقسام کتنی ہیں اور کن چیزوں کے باہمی تقابل سے ظاہر ہوتی ہیں؟

سوال نمبر 16: نص اور مفسر میں کیا بنیادی فرق پایا جاتا ہے؟

سوال نمبر 17: "خفی" کی تعریف کیا ہے اور اس میں پوشیدگی کی نوعیت کیسی ہوتی ہے؟

سوال نمبر 18: "مجمل" کی پہچان کیا ہے اور اس کی مراد کس صورت میں ظاہر ہوتی ہے؟

سوال نمبر 19: "متشابہ" سے کیا مراد ہے اور اس کی معرفت دنیا میں ممکن ہے یا نہیں؟

سوال نمبر 20: "مشکل" اور "خفی" میں خفاء کے اعتبار سے کیا فرق ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: نکاح کے انعقاد کے لیے فقہِ حنفی میں کن شرائط کا پایا جانا ضروری ہے، ان شرائط کو بیان کرتے ہوئے فقہاء کے اختلاف کو تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: کن رشتہ دار خواتین سے نکاح ہمیشہ کے لیے حرام ہے، اور کن صورتوں میں حرمت عارضی طور پر پیدا ہوتی ہے؟ تفصیلاً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: فقہِ حنفی میں طلاق کی اقسام (أحسن، سنة، بدعة) کو واضح کرتے ہوئے بتائیں کہ طلاقِ سنت اور طلاقِ بدعت میں عملی فرق کیا ہے؟

سوال نمبر 4: "ظہور و خفا" کی اقسام میں سے ہر ایک کی فقہی حیثیت پر تفصیلی روشنی ڈالیں کہ یہ تقسیم احناف کے طرزِ استدلال کو کس طرح منظم بناتی ہے۔

سوال نمبر 5: قرآنی الفاظ کے اعتبار سے "عام و خاص" کے اصول کو واضح کیجئے۔ نیز وضاحت کیجئے کہ "من" اور "ما" کے عموم میں فقہی لحاظ سے کیا فرق ہے؟

رول نمبر: _____

دستخط اُمیدوار: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 4 | پرچہ: چوتھا | مضمون: الفقہ وعلومہ

تاریخ: 26-01-2026 | دن: پیر | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: _____ | دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ | دستخط مقتش: _____

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: نکاح کے انعقاد کے لیے کن دو چیزوں کا ہونا ضروری ہے؟

(الف) ایجاب و قبول (ب) گواہی و مہر (ج) مہر و ولی (د) ولی و گواہی

سوال نمبر 2: نکاح کن الفاظ سے منعقد ہوتا ہے؟

(الف) حال کے الفاظ سے (ب) ماضی کے الفاظ سے (ج) مستقبل کے الفاظ سے (د) خاموشی سے

سوال نمبر 3: نکاحِ مسلمین کے لیے کم از کم کتنے گواہ ہونے چاہئیں؟

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

سوال نمبر 4: نکاح کے گواہوں میں کون سی شرط ضروری ہے؟

(الف) بالغ اور عاقل ہونا (ب) صرف بالغ ہونا (ج) صرف مرد ہونا (د) صرف آزاد ہونا

سوال نمبر 5: کن عورتوں سے نکاح ہمیشہ کے لیے حرام ہے؟

(الف) اجنبی عورت سے (ب) اپنی ماں، بہن، بیٹی سے (ج) سوتیلی ماں سے (د) غیر مسلم عورت سے

سوال نمبر 6: ایک مرد کو دو بہنوں سے بیک وقت نکاح کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) ناجائز (ب) جائز (ج) مکروہ (د) حرام

سوال نمبر 7: مسلمان مرد کو کن غیر مسلم عورتوں سے نکاح کی اجازت ہے؟

(الف) مجوسیہ (ب) کتابیہ (ج) بت پرست (د) مشرکہ

سوال نمبر 8: اگر کوئی قوم ستاروں کی پوجا کرتی ہو اور ان کے پاس کوئی آسمانی کتاب نہ ہو تو ان سے نکاح کا کیا حکم ہے؟

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) مکروہ (د) خلاف اولی

سوال نمبر 9: محرم اور محرمہ کے لیے حالتِ احرام میں نکاح کا کیا حکم ہے؟

(الف) ناجائز (ب) جائز (ج) مکروہ (د) حرام

سوال نمبر 10: امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بالغہ عاقلہ عورت کا نکاح ولی کے بغیر ہو تو کیا حکم ہے؟

(الف) منعقد نہیں ہوتا (ب) مکروہ ہے (ج) منعقد ہو جاتا ہے (د) فاسد ہے

سوال نمبر 11: باکرہ لڑکی سے نکاح کے لیے اگر ولی اجازت مانگے اور وہ خاموش رہے یا ہنس دے تو اس کا مطلب کیا ہے؟

(الف) انکار (ب) رضامندی (ج) مجبوری (د) عدم علم

سوال نمبر 12: نکاح کن الفاظ سے منعقد نہیں ہوتا؟

(الف) اجارہ، اعارہ، اباحہ (ب) نکاح، تزویج (ج) ہبہ، صدقہ (د) تملیک، صدقہ

سوال نمبر13: اگر ولی نے نابالغ لڑکے یا لڑکی کا نکاح کیا تو کب اختیارِ فسخ حاصل ہو گا؟

(الف) کبھی نہیں (ب) صرف باپ کو (ج) بلوغت کے بعد (د) شادی کے وقت

سوال نمبر14: علمِ اصولِ فقہ سیکھنے سے پہلے اس کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت جاننے کی کیا ضرورت ہے؟

(الف) تاکہ وقت ضائع نہ ہو (ب) تاکہ علم کی بنیاد سمجھ آ سکے (ج) تاکہ تقلید ہو سکے (د) تاکہ مناظرے کیے جا سکیں

سوال نمبر15: " اصول "کا لغوی معنی کیا ہے؟

(الف) بنیاد رکھنا (ب) جس پر دوسری چیز قائم ہو (ج) دلیل دینا (د) استنباط کرنا

سوال نمبر16: " فقہ "کا لغوی معنی کیا ہے؟

(الف) عبادت (ب) فہم و فراست (ج) فیصلہ (د) قانون

سوال نمبر17: علمِ اصولِ فقہ کی اصطلاحی تعریف کیا ہے؟

(الف) وہ علم جس سے احکام کی اقسام معلوم ہوں (ب) وہ علم جس میں ادلہ کے ذریعے احکام ثابت کیے جائیں

(ج) وہ علم جو صرف فقہاء کے لیے مخصوص ہو (د) وہ علم جو لغت پر مبنی ہو

سوال نمبر18: علمِ اصولِ فقہ کا موضوع کیا ہے؟

(الف) صرف قرآن (ب) صرف حدیث (ج) احکام اور ادلہ شرعیہ (د) فقہاء کی آراء

سوال نمبر19: اصولِ فقہ کے بنیادی چار ماخذ کون سے ہیں؟

(الف) قرآن، حدیث، اجماع، قیاس (ب) قرآن، سنت، اجتہاد، عرف

(ج) کتاب، سنت، صحابہ، تابعین (د) عقل، نقل، عرف، اجتہاد

سوال نمبر20: احکامِ شرعیہ کا بنیادی ماخذ کیا ہے؟

(الف) حدیث (ب) اجماع (ج) قرآنِ مجید (د) قیاس

سوال نمبر21: قرآن سے مراد وہ کلام ہے جو۔۔۔ پر نازل ہوا۔

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت محمد ﷺ (ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام (د) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

سوال نمبر22: علم فقہ واصولِ فقہ میں قرآنِ مجید کی تقریباً کتنی آیات سے بحث کی جاتی ہے؟

(الف) دو سو (ب) تین سو (ج) پانچ سو (د) ایک ہزار

سوال نمبر23: قرآن کے الفاظ کی تقسیم استدلال کے اعتبار سے کتنی اقسام میں کی گئی ہے؟

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) آٹھ

سوال نمبر24: ظہور وخفاء کے اعتبار سے قرآنی آیات کی کل کتنی اقسام ہیں؟

(الف) چار (ب) چھ (ج) آٹھ (د) دس

سوال نمبر25: خاص کی کتنی اقسام بیان کی گئی ہیں؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 4 | پرچہ: دوسرا | مضمون: الحدیث وعلومہ

تاریخ: 22-01-2026 | دن: جمعرات | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے جب حیض کی حالت میں بیوی کو طلاق دی تو نبی کریم ﷺ نے ان کے بارے میں کیا حکم دیا؟

سوال نمبر 2: نبی کریم ﷺ نے سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے گھر میں کیا چیز نوش فرمائی تھی جس پر آیت "لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللهُ لَكَ" نازل ہوئی؟

سوال نمبر 3: طلاقِ سنّت کی تعریف کیا ہے اور اسے دینے کا درست طریقہ کیا ہے؟

سوال نمبر 4: حاملہ عورت کو طلاق دینے کے بارے میں کیا حکم بیان ہوا ہے؟

سوال نمبر 5: ایک مجلس میں تین طلاقیں ایک ساتھ دینے والے کے بارے میں نبی کریم ﷺ کا کیا ردِّ عمل تھا؟

سوال نمبر 6: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ سے متعلق کیا بات طے کی تھی؟

سوال نمبر 7: غزوۂ تبوک کے موقع پر کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کو کس حکم کی بنا پر اپنی بیوی سے علیحدہ رہنے کا کہا گیا؟

سوال نمبر 8: بچے کی طلاق واقع ہونے یا نہ ہونے کا معیار نبی کریم ﷺ نے کس علامت سے واضح کیا؟

سوال نمبر 9: عدل سے فیصلے کرنے والے حکمران کے لیے نبی کریم ﷺ نے کیا بشارت بیان فرمائی؟

سوال نمبر 10: کن سات طبقات کے لوگوں کو قیامت کے دن عرش کا سایہ نصیب ہوگا؟

سوال نمبر 11: نبی کریم ﷺ نے ان لوگوں کے متعلق کیا فرمایا جو خود حکومتی عہدہ طلب کرتے ہیں؟

سوال نمبر 12: عورت کو حکومتی یا عدالتی عہدہ دینے کے بارے میں نبی ﷺ نے کیا حکم دیا؟

سوال نمبر 13: نبی کریم ﷺ نے انسان کے لیے سب سے پاکیزہ کمائی کس کو قرار دیا؟

سوال نمبر 14: اپنے آپ پر نیز اہل و عیال اور خادم پر خرچ کرنے کو نبی ﷺ نے کس درجے میں شمار فرمایا؟

سوال نمبر 15: دیانت دار اور سچا تاجر قیامت کے دن کن کے ساتھ ہوگا؟

سوال نمبر 16: وہ شخص جو بیوہ اور مسکین کے لیے کوشش کرتا ہے، نبی ﷺ نے اسے کن اعمال کے برابر قرار دیا؟

سوال نمبر 17: نبی ﷺ نے فرمایا: "غنی ہونا بُرا نہیں بشرطیکہ" اس حدیث میں کیا شرط بیان فرمائی گئی؟

سوال نمبر 18: نبی ﷺ نے طلبِ دنیا کے بارے میں کیا نصیحت فرمائی؟

سوال نمبر 19: نبی ﷺ نے تاجروں کو کیوں تاکید فرمائی کہ تجارت میں صدقہ شامل کرو؟

سوال نمبر 20: اگر اللہ تعالیٰ کسی کے لیے کسی ذریعہ سے رزق مقرر کر دے تو نبی ﷺ نے اس کے بارے میں کیا ہدایت فرمائی؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: روایات کی روشنی میں بتائیے کہ اسلامی معیشت میں محنت، دیانت، اور اخلاقی ذمہ داری کا تصور کس طرح تشکیل پاتا ہے؟

سوال نمبر 2: روایات کی روشنی میں وضاحت کیجئے کہ اسلام میں معاشی کسب و کمائی کے کن اصولوں کو جائز اور کن کو ناجائز قرار دیا گیا ہے، اور اس کی علت کیا ہے؟

سوال نمبر 3: احادیث میں ایمان، معاشرت اور اخوت کی تکمیل کے لیے جن عملی اصولوں کی تعلیم دی گئی ان کے اخلاقی اور سماجی اثرات پر تفصیلی گفتگو کیجئے۔

سوال نمبر 4: وضاحت کیجئے کہ اسلام نے خمر (شراب) کو کیوں سختی سے حرام قرار دیا، اس کے اخلاقی، معاشرتی اور روحانی نقصانات کیا ہیں؟

سوال نمبر 5: وضاحت کیجئے کہ "طلاقِ سنت" اور "طلاقِ بدعت" میں کیا فرق ہے نیز شریعت نے طلاق کے لیے کون سا وقت اور طریقہ مقرر کیا ہے؟

رول نمبر: _____

دستخط اُمیدوار: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 4 پرچہ: دوسرا مضمون: الحدیث وعلومہ

تاریخ: 22-01-2026 دن: جمعرات کل وقت: 30 منٹ کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقتش: _____

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: رسولِ اکرم ﷺ کو دنیا کی کن چیزوں سے محبت تھی؟

(الف) دولت ولباس (ب) عورتیں وخوشبو (ج) علم وتجارت (د) غزوہ وجہاد

سوال نمبر 2: رسولِ اکرم ﷺ کی آنکھوں کی ٹھنڈک کس چیز میں رکھی گئی؟

(الف) نماز (ب) روزہ (ج) جہاد (د) علم

سوال نمبر 3: فاطمہ بنت رسول ﷺ کو ازواجِ مطہرات نے کس مقصد سے بھیجا؟

(الف) سلام عرض کرنے (ب) عدل کی درخواست کے لیے (ج) ہدیہ دینے (د) کسی خبر کے لیے

سوال نمبر 4: حدیث کے مطابق اگر کسی شخص کی دو بیویاں ہوں اور وہ ایک کی طرف زیادہ مائل ہو تو کیا وعید ہے؟

(الف) قیامت کے دن اسے بخش دیا جائے گا (ب) قیامت کے دن ایک پہلو جھکا ہوا آئے گا

(ج) اسے سزا نہیں ملے گی (د) اسے جنت ملے گی

سوال نمبر 5: نبی ﷺ نے فرمایا کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت دوسری عورتوں پر کس چیز کی مانند ہے؟

(الف) شہد (ب) سرید (ج) دودھ (د) روٹی

سوال نمبر 6: سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی نمایاں صفت کون سی بیان ہوئی؟

(الف) سخاوت (ب) تجارت (ج) خوشبو (د) علم

سوال نمبر 7: وحی صرف کس بیوی کے بستر پر نازل ہوتی تھی؟

(الف) حضرت حفصہ (ب) حضرت فاطمہ (ج) حضرت عائشہ (د) حضرت زینب رضی اللہ عنہن

سوال نمبر 8: نبی ﷺ کو لوگوں کی طرف سے ہدایا زیادہ تر کس بیوی کے دن ملتے تھے؟

(الف) حضرت حفصہ (ب) حضرت صفیہ (ج) حضرت عائشہ (د) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہن

سوال نمبر 9: سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ کو کیا ہدیہ پیش کیا؟

(الف) کپڑا (ب) خوشبو (ج) کھانا (د) غلام

سوال نمبر 10: نبی ﷺ کے نزدیک سب سے محبوب گھریلو مشغلہ کیا تھا؟

(الف) تجارت (ب) عبادت (ج) خدمتِ ازواج (د) نماز

سوال نمبر 11: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے صفیہ رضی اللہ عنہا کے ہدیہ میں کیا کیا؟

(الف) کھالیا (ب) واپس بھیج دیا (ج) برتن توڑ دیا (د) تقسیم کر دیا

سوال نمبر 12: حضرت جبریل علیہ السلام نے سلام کس کو پہنچایا؟

(الف) حضرت فاطمہ (ب) حضرت زینب (ج) حضرت عائشہ (د) حضرت حفصہ رضی اللہ عنہن

سوال نمبر13: قبرستانِ بقیع کے واقعہ میں آپ ﷺ وہاں کیا کرنے گئے؟

(الف) اہلِ بقیع کے لیے استغفار (ب) تقسیمِ صدقات (ج) قضا نمازیں (د) نکاح پڑھانا

سوال نمبر14: نبی کریم ﷺ کے گھر کے واقعات بیان کرنے کا شرعی فائدہ کیا ہے؟

(الف) تفریح (ب) محض تاریخ (ج) اخلاق و معاشرتی عدل کی تعلیم (د) سیاسی بحث

سوال نمبر15: نبی کریم ﷺ نے گھر میں ناگوار بات پر عمومی طور پر کیا حکمتِ عملی اختیار کی؟

(الف) علانیہ تنبیہ (ب) خاموش اصلاح اور دلجوئی (ج) اجتماعی ڈانٹ (د) قانونی سزا

سوال نمبر16: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے رسول اللہ ﷺ سے برتن توڑنے کے کفارے کے بارے میں پوچھا تو جواب میں کیا اصول بتایا گیا؟

(الف) ایک روزہ (ب) صدقہ

(ج) برتن کے بدلے برتن، اور کھانے کے بدلے کھانا (د) معافی کافی ہے

سوال نمبر17: نبی ﷺ کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے برابر درجہ رکھنے والی بیوی کون تھیں؟

(الف) حضرت حفصہ (ب) حضرت زینب (ج) حضرت صفیہ (د) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہن

سوال نمبر18: نبی ﷺ نے فرمایا: "اے ام سلمہ رضی اللہ عنہا! عائشہ رضی اللہ عنہا کو تکلیف نہ دو" — یہ کس موقع پر فرمایا گیا؟

(الف) ازواج کے اختلاف پر (ب) فاطمہ رضی اللہ عنہا کے آنے پر

(ج) صدقہ دینے پر (د) سفر کے موقع پر

سوال نمبر19: جب سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے ہاتھ نبی ﷺ کے بالوں میں ڈالے، تو آپ ﷺ نے ان سے کیا فرمایا؟

(الف) تم کیا کر رہی ہو؟ (ب) تمہارا شیطان تمہارے پاس آ گیا ہے

(ج) تم خوش ہو (د) تم عبادت میں مصروف ہو جاؤ

سوال نمبر20: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ کا تعاقب کب کیا؟

(الف) جمعہ کی رات (ب) اپنی نوبت کی رات (ج) رمضان کی رات (د) عید کی رات

سوال نمبر21: شہد کے واقعہ میں ازواج نے کس بو کا ذکر کر کے بات بنائی؟

(الف) کافور (ب) عنبر (ج) معافیر (د) مشک

سوال نمبر22: نبی ﷺ کو کس بیوی نے شہد پلایا؟

(الف) حضرت حفصہ (ب) حضرت زینب (ج) حضرت عائشہ (د) حضرت صفیہ رضی اللہ عنہن

سوال نمبر23: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ نے مجھے میرے شیطان پر مدد دی تو وہ کیا ہو گیا؟

(الف) بھاگ گیا (ب) مسلمان ہو گیا (ج) مر گیا (د) خاموش رہا

سوال نمبر24: نبی ﷺ نے اپنی ازواج کے درمیان انصاف کے باوجود کس بات سے معذوری ظاہر کی؟

(الف) دل کے میلان پر قابو نہ پانے کی (ب) رزق کے معاملے میں (ج) سفر کے انتخاب میں (د) گفتگو میں

سوال نمبر25: "عدل" کے مطالبے والے واقعات میں کون سی صحابیہ / امّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہم مرتبہ سمجھی جاتی تھیں؟

(الف) حضرت زینب بنتِ جحش (ب) حضرت میمونہ (ج) حضرت سودہ (د) حضرت جویریہ رضی اللہ عنہن

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: کعبہ کو کس مقصد کے لیے اللہ پاک کا سب سے پہلا گھر بنایا گیا تھا؟

سوال نمبر 2: حجرِ اسود کے نصب کرنے کے تنازعے کو حضور ﷺ نے کس حکمت سے حل فرمایا؟

سوال نمبر 3: نبی کریم ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی جب آپ کو خلوت و عبادت کا شوق پیدا ہوا؟

سوال نمبر 4: مسلمانوں کے لیے خلوت و تنہائی اختیار کرنے میں کیا حکمت اور سبق پوشیدہ ہے؟

سوال نمبر 5: آپ ﷺ غارِ حراء میں عبادت کے بعد کہاں واپس تشریف لاتے تھے؟

سوال نمبر 6: دعوت دین کا پہلا مرحلہ یعنی خفیہ دعوت کتنے عرصے تک جاری رہی؟

سوال نمبر 7: دعوت دین کے پہلا مرحلہ میں اسلام قبول کرنے والوں میں سے تین ابتدائی نام کون سے ہیں؟

سوال نمبر 8: جب آپ ﷺ نے کوہِ صفا پر دعوت دی تو قریش نے کیا ردِ عمل ظاہر کیا؟

سوال نمبر 9: حبشہ کے بادشاہ نجاشی کی کون سی خصوصیت بیان کی گئی؟

سوال نمبر 10: نجاشی نے مسلمانوں کے بارے میں قریش کے نمائندوں کے مطالبے پر کیا فیصلہ سنایا؟

سوال نمبر 11: رسولِ اکرم ﷺ کا قد درمیانہ ہونے کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر 12: حضور ﷺ کا رنگ مبارک کس قسم کا بیان ہوا ہے؟

سوال نمبر 13: آپ ﷺ کی وصال ظاہری کے وقت عمرِ مبارک کتنی تھی؟

سوال نمبر 14: حضور ﷺ کے سر اور داڑھی میں تقریباً کتنے سفید بال تھے؟

سوال نمبر 15: آپ ﷺ کی چال کو صحابہ کرام نے کس انداز سے بیان کیا؟

سوال نمبر 16: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کے لباس کا کون سا رنگ بیان کیا؟

سوال نمبر 17: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مطابق حضور ﷺ کے ہاتھ، پاؤں اور سر کیسا تھا؟

سوال نمبر 18: مدینہ منورہ میں آپ ﷺ کا قیام کتنے برس رہا؟

سوال نمبر 19: بعثت کے بعد مکہ مکرمہ میں آپ ﷺ نے کتنے سال قیام فرمایا؟

سوال نمبر 20: حضور ﷺ کے مبارک بالوں کی لمبائی کے بارے میں روایت میں کیا آیا ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: شمائل ترمذی کا مفصل تعارف لکھئے۔

سوال نمبر 2: فقہ السیرۃ کتاب کا مفصل تعارف لکھئے۔

سوال نمبر 3: رسول اکرم ﷺ کے بال مبارک کے اوصاف کو روایات کی روشنی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: حضور ﷺ کی ختم نبوت (مہر مبارک) پر کتاب کی روشنی میں تفصیلی نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر 5: عام الحزن کے سال کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تفصیلا بیان کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط اُمیدوار: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 4 پرچہ: پانچواں مضمون: السیرۃ النبویۃ

تاریخ: 27-01-2026 دن: منگل کل وقت: 30 منٹ کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقتش: _____

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: نبی کریم ﷺ کا پورا نسب کہاں تک متفق طور پر بیان کیا گیا ہے؟

(الف) عدنان تک (ب) ابراہیم علیہ السلام تک (ج) فہر بن مالک تک (د) قریش تک

سوال نمبر 2: عدنان کا تعلق کس نبی کے نسب سے بیان کیا گیا ہے؟

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت اسماعیل علیہ السلام (ج) حضرت نوح علیہ السلام (د) حضرت ہود علیہ السلام

سوال نمبر 3: حدیث کے مطابق اللہ تعالیٰ نے رسول کریم ﷺ کو کن کن طبقات میں سے منتخب فرمایا؟

(الف) قریش، بنو امیہ، انصار (ب) کنانہ، قریش، ہاشم (ج) عدنان، مضر، کنانہ (د) خزیمہ، بنو نزار، فہر

سوال نمبر 4: رسول اللہ ﷺ کی ولادت کس سال میں ہوئی؟

(الف) عام الحزن (ب) عام الفتح (ج) عام الفیل (د) عام الرمادہ

سوال نمبر 5: حضور ﷺ کی ولادت کا دن اور مہینہ کون سا تھا؟

(الف) جمعرات، رجب (ب) پیر، ربیع الاول (ج) جمعہ، محرم (د) اتوار، شعبان

سوال نمبر 6: نبی کریم ﷺ کی رضاعی ماں کا نام کیا تھا؟

(الف) ثویبہ (ب) آمنہ (ج) حلیمہ بنت ابی ذؤیب (د) فاطمہ بنت اسد

سوال نمبر 7: بنی سعد میں نبی کریم ﷺ کے آنے کے بعد کیا تبدیلی رونما ہوئی؟

(الف) قحط اور خشک سالی بڑھ گئی (ب) زمینیں بنجر ہو گئیں (ج) بارشیں رک گئیں (د) بارانِ رحمت سے سبزہ و برکت عام ہو گئی

سوال نمبر 8: محبتِ رسول کے تقاضے کے طور پر کس چیز کی محبت مطلوب ہے؟

(الف) افرادِ قریش کی مطلق برتری (ب) حقیقتِ عربیہ و قریشیہ کی نسبت کی محبت

(ج) صرف مکہ کی جغرافیائی محبت (د) مال و جاہ کی محبت

سوال نمبر 9: اگر کوئی عربی یا قرشی شخص صراطِ الٰہی سے منحرف ہو جائے تو نسبتِ رسول سے اس کا ربط کس درجے میں رہتا ہے؟

(الف) نسبت مزید مضبوط ہو جاتی ہے (ب) اعتباری طور پر ساقط ہو جاتا ہے

(ج) کوئی اثر نہیں پڑتا (د) فضیلت دگنی ہو جاتی ہے

سوال نمبر 10: نبی کریم ﷺ کو یتیمی، قلّتِ مال اور دَلالتِ ربانی کے ساتھ پرورش پانے کا مقصد کیا ظاہر ہوا؟

(الف) دنیاوی مجد و زعامت کی رغبت پیدا کرنا (ب) دل کو مال و جاہ کی طرف مائل ہونے سے بچانا

(ج) سیاسی قیادت سونپنا (د) عسکری فتوحات کا آغاز

سوال نمبر 11: حلیمہ سعدیہ کے گھر میں برکت کے ظہور (سرسبزی و دودھ کی فراوانی) سے کون سا مفہوم اخذ کیا گیا؟

(الف) قحط مزید بڑھ گیا (ب) کرامتیں صرف بعثت کے بعد ظاہر ہوئیں

(ج) طفولیت ہی میں مقامِ نبوی کے علوّ و تکریم کی جھلک (د) استسقاء بالصلحا کا عدمِ جواز

سوال نمبر12: واقعۂ شقِ صدر کب پیش آیا؟

(الف) بعثت کے بعد (ب) ہجرت کے بعد

(ج) طفولیت کے دوران بادیہ بنی سعد میں (د) معراج کی رات

سوال نمبر13: جبریلِ امین نے رسولِ اکرم ﷺ کے دل سے کیا چیز نکالی؟

(الف) خون (ب) علقہ (ج) پتھر (د) مٹی

سوال نمبر14: حدیثِ شقِ صدر کا بنیادی مقصد کیا بیان کیا گیا؟

(الف) جسمانی علاج (ب) شر کی غدہ نکالنا (ج) معنوی تطہیر و اعلانِ نبوت (د) طبی تجربہ

سوال نمبر15: حقیقت کو مجاز میں بدل دینے کا انجام کیا ہو گا؟

(الف) ایمان میں اضافہ (ب) زبان کی قدر و دلالت کا خاتمہ (ج) تاویل کا استحکام (د) عقل کی بلندی

سوال نمبر16: شام کی جانب حضور ﷺ کے پہلے سفر کے وقت عمر مبارکہ کیا تھی؟

(الف) دس سال (ب) بارہ سال (ج) پندرہ سال (د) اٹھارہ سال

سوال نمبر17: شام کے سفر میں آپ ﷺ کس کے ساتھ گئے؟

(الف) عبد المطلب (ب) ابو طالب (ج) عباس بن عبد المطلب (د) ابو لہب

سوال نمبر18: بصریٰ میں جس راہب نے آپ ﷺ کی علامات پہچانیں اس کا نام کیا تھا؟

(الف) نسطور (ب) بحیرا (ج) ورقہ (د) سمعان

سوال نمبر19: شباب کے آغاز میں رسول ﷺ نے معاش کے لیے کون سا پیشہ اختیار کیا؟

(الف) تجارتِ کپاس (ب) کھیتی باڑی (ج) رعیِ غنم (بکریاں چرانا) (د) لکڑی کا کام

سوال نمبر20: آپ ﷺ نے بکریاں کس کے لیے چرائیں؟

(الف) اپنے گھر والوں کے لیے (ب) اہلِ طائف کے لیے (ج) اہلِ مکہ کے لیے قراریط کے عوض (د) قریش کے سرداروں کے لیے بلا معاوضہ

سوال نمبر21: نبی کریم ﷺ سے نکاح کے وقت حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی تھی؟

(الف) پچیس سال (ب) تیس سال (ج) چالیس سال (د) پینتالیس سال

سوال نمبر22: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا پیشہ کیا تھا؟

(الف) کھیتی باڑی (ب) تجارت (ج) معلمہ (د) شاعرہ

سوال نمبر23: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے نبی کریم ﷺ کو تجارت کے لیے کہاں بھیجا؟

(الف) یمن (ب) حبشہ (ج) شام (د) مصر

سوال نمبر24: تجارت کے سفر میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ کون سا غلام تھا؟

(الف) سالم (ب) میسرہ (ج) زید (د) انیس

سوال نمبر25: نبی کریم ﷺ کی دیانت و امانت دیکھ کر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے نکاح کی پیشکش کس کے ذریعے کرائی؟

(الف) اسماء بنت ابی بکر (ب) نفیسہ بنت منیہ (ج) صفیہ بنت حیی (د) ہند بنت عتبہ

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 4 | پرچہ: پہلا | مضمون: التفسیر

تاریخ: 21-01-2026 | دن: بدھ | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: شیطان کو کافر کیوں کہا گیا حالانکہ وہ توحید، فرشتوں اور قیامت کو مانتا تھا؟

سوال نمبر 2: اسلام کے لغوی اور اصطلاحی معنی میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 3: تقویٰ کے دو بنیادی معنی کیا ہیں؟

سوال نمبر 4: اللہ تعالی کے ساتھ اولاد یا ہم جنس ماننے کو قرآن نے کیوں شرک قرار دیا؟ کم از کم دو قرآنی مثالیں بتائیے۔

سوال نمبر 5: مسلمانوں کا "توسل و شفاعت" کا عقیدہ مشرکانہ تصور سے دو پہلوؤں سے کیسے مختلف ہے؟

سوال نمبر 6: قرآنِ کریم میں رہبانیت کی مثال سے "بدعتِ حسنہ" کا اصول کیسے مستفاد ہوتا ہے؟

سوال نمبر 7: "بدعتِ حسنہ" اور "بدعتِ سیئہ" میں امتیاز کا عملی معیار کیا ہے؟

سوال نمبر 8: لفظ "الٰہ" کی شرعی پہچان کیا ہے؟

سوال نمبر 9: "ہر شرک کفر ہے مگر ہر کفر شرک نہیں" کی توضیح مثالوں کے ساتھ کیجئے۔

سوال نمبر 10: عرب کے بعض مشرکین پانچویں قسم کے شرک میں کیوں مبتلا تھے اور ان کا بنیادی باطل عقیدہ کیا تھا؟

سوال نمبر 11: "وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ" سے اجماعِ امت کے حجت ہونے پر مختصر استدلال لکھیں۔

سوال نمبر 12: "تفقہ فی الدین" کے لئے نفیرِ عام کی بجائے نفیرِ کفایہ کا اصول کیسے ثابت ہوتا ہے؟ نیز فرضِ عین اور فرضِ کفایہ میں فرق واضح کیجئے۔

سوال نمبر 13: حضرت نوح علیہ السلام کے اسوۂ دعوت سے توکل اور ثبات کے اصول پر دو تا تین سطروں میں نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر 14: نزولِ آیات سے مؤمنین کے ایمان میں اضافہ اور منافقین کے کفر میں اضافہ کیوں اور کیسے ہوتا ہے؟

سوال نمبر 15: سورہ ہود کے مرکزی مضامین کون سے ہیں؟

سوال نمبر 16: توبہ و استغفار کے تین دنیوی یا اخروی فوائد کون سے ہیں؟

سوال نمبر 17: حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی بنانے کا حکم کیوں دیا گیا اور کس کے بارے میں شفاعت سے روکا گیا؟

سوال نمبر 18: قوم کے سردار حضرت نوح علیہ السلام کا کس بات پر مذاق اڑاتے تھے اور آپ نے اس کے جواب میں کیا فرمایا؟

سوال نمبر 19: کن تین اقسام کے افراد / جوڑوں کو کشتی نوح میں سوار کرنے کا حکم ملا؟

سوال نمبر 20: کنعان نے کس بات پر بھروسہ کیا اور اس کا نتیجہ کیا نکلا؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: قرآن و سنت کی روشنی میں شرک کی قسموں کی مختصر تعریف، قرآنی دلائل کا خلاصہ اور موجودہ زمانے کی فکری مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: بدعت کی شرعی حقیقت، بدعتِ حسنہ کے ثبوت و شرائط کو جامع انداز میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام کے واقعات کو تفصیل سے بیان کیجئے۔ ان میں سے کم از کم تین بنیادی مضامین پر روشنی ڈالیں۔

سوال نمبر 4: سورہ ہود کے ابتدائی مضامین (آیات 1 تا 5) کی روشنی میں قرآنِ کریم کی بلاغت، انبیائے کرام علیہم السلام کا پیغامِ توحید، اور منافقین کے طرزِ عمل کا تقابلی مطالعہ کیجیے۔

سوال نمبر 5: کشتی نوح کی تیاری سے طوفان کے اختتام تک پورا واقعہ ترتیب وار بیان کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط اُمیدوار: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

KANZ-UL-MADARIS BOARD

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 4 پرچہ: پہلا مضمون: التفسیر

تاریخ: 21-01-2026 دن: بدھ کل وقت: 30 منٹ کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: ایمان کا لغوی ماخذ کیا ہے؟

(الف) امن (ب) امانت (ج) ایقان (د) احسان

سوال نمبر 2: اصطلاحِ شریعت میں ایمان کن امور کا مجموعہ ہے؟

(الف) عقائدِ حقّہ (ب) عباداتِ بدنی (ج) معاملاتِ دنیوی (د) معاشرتی آداب

سوال نمبر 3: اگر کوئی توحید، ملائکہ اور آخرت سب کو مانے، مگر نبی کریم ﷺ کی حاکمیت نہ مانے، تو اس کا حکم کیا ہے؟

(الف) مومن (ب) فاسق (ج) کافر و مشرک (د) منافقِ خفی

سوال نمبر 4: "اصطلاحاتِ قرآنیہ" یاد رکھنے کی بنیادی وجہ کیا بیان ہوئی ہے؟

(الف) ترجمہ میں دھوکا نہ ہو (ب) صرف تجوید درست رہے (ج) خلافِ لغت معنی اختیار ہوں (د) قراءت آسان بنے

سوال نمبر 5: قرآن میں بعض مقامات پر "اسلام" کس معنی میں آیا ہے؟

(الف) ایمان کے معنی میں (ب) صبر کے معنی میں (ج) تقویٰ کے معنی میں (د) علم کے معنی میں

سوال نمبر 6: تقویٰ کے معنی کیا ہیں؟

(الف) ڈرنا اور بچنا (ب) عبادت کرنا (ج) دعا مانگنا (د) قرب حاصل کرنا

سوال نمبر 7: لغوی طور پر "کفر" کے معنی کیا ہیں؟

(الف) چھپانا اور مٹانا (ب) انکار کرنا (ج) ظلم کرنا (د) جھٹلانا

سوال نمبر 8: قرآن میں "کفر" کن معنوں میں استعمال ہوا ہے؟ آپشنز میں مطابق نہیں

(الف) ناشکری، انکار، اسلام سے نکل جانا (ب) بغاوت و سرکشی

(ج) ناانصافی (د) ظلم و جبر

سوال نمبر 9: "شرک" کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(الف) حصہ یا ساجھا (ب) انکار (ج) ناشکری (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: قرآنِ کریم میں "شرک" کن دو معنوں میں استعمال ہوا ہے؟

(الف) کفر اور مساواتِ الٰہیہ (ب) جھوٹ اور ظلم (ج) خوف اور امید (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: "یزداں" اور "اہرمن" کے عقیدے سے کیا ظاہر ہوتا ہے؟

(الف) دو خداؤں کا ماننا (ب) وحدتِ وجود (ج) نفیِ قیامت (د) فرشتوں کا انکار

سوال نمبر12:"وَاللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ" سے کیاعقیدہ ثابت ہوتا ہے؟

(الف)تمام مخلوقات کا خالق صرف اللہ ہے (ب)انسان خالقِ اعمال ہے(ج)فرشتے خالقِ خیر ہیں (د)بت خالقِ شر ہیں

سوال نمبر13:" شریک" کے معنی کیاہیں؟

(الف)حصہ دار یاساجھی (ب)نگران (ج)مددگار (د)محافظ

سوال نمبر14:غزوۂ تبوک سے واپسی پر منافقین نے کس انداز میں نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کوراضی کرنے کی کوشش کی؟

(الف)جھوٹے بہانے بناکر (ب)صدقہ دے کر (ج)جہاد کاوعدہ کرکے (د)دعاکی درخواست کرکے

سوال نمبر15:لفظ"عالم الغیب"۔۔۔۔کے لیے خاص ہے۔

(الف)صرف اللہ تعالیٰ (ب)انبیاء علیہم السلام (ج)فرشتوں (د)اولیاء

سوال نمبر16:عبداللہ بن اُبی نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے کون ساوعدہ کیا تھا؟

(الف)جہاد میں سستی نہ کرنے کا (ب)زکوٰۃ بڑھانے کا (ج)مدینہ چھوڑنے کا (د)حج کرنے کا

سوال نمبر17:دیہاتی منافقین راہِ خدا میں خرچ کو کس طرح سمجھتے تھے؟

(الف)تاوان اور بوجھ (ب)عبادت (ج)خوشی کاموقع (د)صدقۂ

سوال نمبر18:صادقین کے ساتھ رہنے کا حکم۔۔۔۔پر دلالت کرتا ہے۔

(الف)اجماع کی حجیت (ب)جہاد کے فرض ہونے (ج)روزے کے وجوب (د)نماز کی رکعتوں

سوال نمبر19:اللہ کے راستے میں پیاس، بھوک اور تکلیف برداشت کرنے والوں کے لیے کیاوعدہ فرمایا گیا؟

(الف)نیکیوں کا اجر لکھاجانا (ب)دنیامیں راحت (ج)مال میں برکت (د)دشمن کی مغفرت

سوال نمبر20:علمِ دین حاصل کرنے کے لیے تمام مسلمانوں کے نکلنے سے کیوں منع فرمایا گیا؟

(الف)اخراجات اور انتظامی دشواری کے باعث (ب)جہاد کے خوف سے

(ج)وقت کی کمی کے باعث (د)قرآن کے نزول کے باعث

سوال نمبر21:قرآن کے نزول سے ایمان والوں کے دلوں میں کیا کیفیت پیدا ہوتی ہے؟

(الف)ایمان میں اضافہ (ب)خوف (ج)نفاق (د)غفلت

سوال نمبر22:اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھنے والوں کے بارے میں کیا فرمایا گیا؟

(الف)ان کا آرام عارضی ہے (ب)وہ ہمیشہ خوش نہ رہیں گے (ج)انہیں دنیامیں عزت نہ ملے گی(د)وہ نجات نہ پائیں گے

سوال نمبر23:حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو کیادعوت دی؟

(الف)اللہ پر بھروسہ اور اس کی عبادت کی(ب)مال خرچ کرنے کی (ج)جنگ کی تیاری کی (د)اپنے شہر چھوڑنے کی

سوال نمبر24:حضرت نوح علیہ السلام نے کتنے سال تبلیغ فرمائی؟

(الف)950سال (ب)500سال (ج)750سال (د)1000سال

سوال نمبر25:حضرت نوح علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کو کس ذریعے نجات دی گئی؟

(الف)کشتی کے ذریعے (ب)بادلوں کے ذریعے (ج)پہاڑ کے ذریعے (د)درخت کے ذریعے